| | | | |
|---|---|---|---|
| تیسری سہ ماہی | جماعت: پنجم | مضمون: اسلامیات | سبقی منصوبہ بندی: 1 |
| اُستاد کا نام: ______ | ہفتہ: 2 | تاریخ: ______ | وقت: 40 منٹ |

| | |
|---|---|
| باب پنجم: حسنِ معاملات و معاشرت | سبق کا نام: ایفائے عہد |

## حاصلاتِ تعلّم:

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- ایفائے عہد کا معنی و مفہوم جان سکیں۔
- ایفائے عہد کی اہمیت و فضیلت سمجھ سکیں۔

## تدریسی معاونات:

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ اسلامیات کی کتاب۔

## سبق کا تعارف: 5 منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں۔ طلبہ کو بتائیں اسلام میں وعدے کا مفہوم بہت وسیع ہے اور اس کو بہت اہمیت حاصل ہے۔ یہ انسان کی اچھی خصلت ہے جس کی وجہ سے معاشرے میں بھائی چارے کی فضا پیدا ہوتی ہے۔

## طریقہ تدریس: 15 منٹ

- سبق کے آغاز میں طلبہ کو بسم اللہ الرحمن الرحیم اور علم میں اضافے کی دُعا پڑھنے کی تلقین کریں۔
- طلبہ کو کتاب کے صفحہ نمبر ۶۱ سے پڑھائی کروائیں اور مشکل الفاظ کے معانی بتائیں۔
- طلبہ کو بتائیں کہ ایفائے عہد کا مطلب ہے، ''وعدہ پورا کرنا''۔
- انھیں بتائیں ایک مسلمان جب کلمہ طیبہ کا اقرار کرتا ہے تو وہ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول اللہ خاتم النبیین ﷺ کے ساتھ عہد کرتا ہے کہ وہ اپنی زندگی اللہ تعالیٰ کے احکامات کی روشنی میں اور سنت نبوی خاتم النبیین ﷺ کی پیروی میں گزار دے گا۔ اسلام نے ایفائے عہد یعنی وعدے کی پابندی پر بہت زور دیا ہے۔
- قرآن مجید میں بار بار ایفائے عہد کی تاکید کی گئی ہے۔ وعدہ پورا کرنا ایمان والوں کی صفت ہے۔ وعدے کی پابندی نہ کرنا منافق کی نشانی ہے۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے: ترجمہ: ''اور عہد پورا کرو بے شک عہد کے بارے میں پوچھا جائے گا۔''

- طلبہ کو بتائیں کہ ہماری ذمہ داریاں بھی وعدہ ہیں۔ جب بھی کوئی ذمہ داری ہمیں دی جاتی ہیں تو ہم ایک وعدہ کررہے ہوتے ہیں کہ ہم اپنی ذمہ داریاں اچھے طریقے سے پوری کریں گے۔ ان سے سوال کریں کہ ان کے خیال میں بحیثیت طالب علم ان کی کیا کیا ذمہ داریاں ہیں؟ بچوں سے جواب لیں اور اہم نکات تختہ تحریر پر لکھیں۔ اسی طرح روزمرہ زندگی کے مختلف معاملات میں ایفائے عہد کی اہمیت کے بارے میں بچوں کو آگاہ کریں۔

**مشکل الفاظ کو پڑھانے کا طریقہ:** **5منٹ**

| مشکل الفاظ | پڑھانے کا طریقہ | معانی |
|---|---|---|
| مرکب | مر۔ کب | مجموعہ |
| خصلت | خص۔ لت | عادت |
| فضا | فِ۔ ضا | ہوا |

**اعادہ:** **2منٹ**

پڑھایا گیا تصور مختصراً دہرائیں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

طلبہ سے مشق جزو (ا) کے پہلے دو سوالات کے جوابات سنیں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

پڑھائے گئے سبق کی گھر میں دہرائی کروائیں۔

**سرگرمی:** **5منٹ**

ایفائے عہد کے موضوع پر تقریری مقابلے کا اہتمام کریں۔

| تیسری سہ ماہی | جماعت: پنجم | مضمون: اسلامیات | سبقی منصوبہ بندی: 2 |
| --- | --- | --- | --- |
| اُستاد کا نام: ______ | ہفتہ: 2 | تاریخ: ______ | وقت: 40 منٹ |

| | |
| --- | --- |
| بابِ اوّل: حُسنِ معاملات و معاشرت | سبق کا نام: ایفائے عہد |

**حاصلاتِ تعلم:**

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین ﷺ کے اسوۂ حسنہ اور سیرت صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے ایفائے عہد کی مثالیں جان سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ اسلامیات کی کتاب۔

**سبق کا تعارف:** 5 منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں۔ طلبہ کو بتائیں کہ نبی اکرم خاتم النبیین ﷺ کی زندگی میں ایفائے عہد کی بہت اہمیت تھی۔ آپ خاتم النبیین ﷺ کی سیرت سے ہمیں ایفائے عہد کی بہت سی مثالیں ملتی ہیں۔ آپ خاتم النبیین ﷺ کسی سے وعدہ کرتے تو اسے ہر حال میں پورا کرتے تھے۔

**طریقہ تدریس:** 15 منٹ

- سبق کے آغاز میں طلبہ کو بسم اللہ الرحمن الرحیم اور علم میں اضافے کی دُعا پڑھنے کی تلقین کریں۔
- طلبہ سے صفحہ نمبر ۶۱ کے متن کی پڑھائی کروائیں اور مشکل الفاظ کے معنی بتائیں۔
- طلبہ کو بتائیں نبی کریم خاتم النبیین ﷺ ہر حال میں وعدے کی پابندی کرتے تھے۔ صلح حدیبیہ کے معاہدے میں ایک شق یہ تھی کہ مکہ سے اگر کوئی شخص مسلمان ہو کر مدینہ جائے گا تو مسلمان اسے واپس کر دیں گے۔ یہ معاہدہ ابھی لکھا جا رہا تھا کہ حضرت ابو جندل رضی اللہ تعالیٰ عنہ جو مسلمان ہونے کے جرم میں مکّہ میں قید تھے، فرار ہو کر وہاں پہنچ گئے۔ کفّار نے معاہدے کی شق کی وجہ سے ان کی واپسی کا مطالبہ کر دیا۔ یہ مسلمانوں اور خصوصاً نبی اکرم خاتم النبیین ﷺ کے ایفائے عہد کا امتحان تھا۔ آپ خاتم النبیین ﷺ نے معاہدے کی پابندی کرتے ہوئے انھیں واپس کفار کے حوالے کر دیا۔

- انھیں بتائیں کہ نبی اکرم خاتم النبیین ﷺ نے صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کو بھی ہر حال میں وعدے کی پاسداری کرنے کا حکم دیا تھا۔ یہی وجہ تھی کہ صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کسی بھی حالت میں ایفائے عہد کا دامن نہیں چھوڑتے تھے۔ اگرچہ انھیں ایسا کرنے سے نقصان پہنچنے کا اندیشہ ہی کیوں نہ ہو۔ اس لیے ہمیں بھی چاہیے کہ ہم ہر حال میں وعدے کی پاسداری کریں۔ کسی سے کوئی وعدہ کریں تو اسے پورا کریں۔ کوئی معاہدہ کریں تو کسی بھی حال میں اس کی خلاف ورزی نہ کریں۔ اس سے ہمیں دنیا میں عزت ملے گی اور آخرت میں بھی اجر و ثواب ملے گا۔

**مشکل الفاظ کو پڑھانے کا طریقہ:** **5منٹ**

| مشکل الفاظ | پڑھانے کا طریقہ | معانی |
|---|---|---|
| پاداش | پَا۔دَاشُ | جرم |
| پناہ | پَ۔ناہ | امن کی جگہ |
| بے تاب | بے۔تاب | بے چین |

**اعادہ:** **2منٹ**

پڑھایا گیا تصور مختصراً دہرائیں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

مشق جزو (ا) کے تمام سوالات کے جوابات طلبہ سے زبانی سنیں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

پڑھائے گئے سبق کی گھر میں دہرائی کریں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** **5منٹ**

طلبہ سے کہیں کہ ایفائے عہد سے متعلق اپنے ذاتی تجربات سے ساتھیوں کو آگاہ کریں۔

| سبقی منصوبہ بندی: 3 | مضمون: اسلامیات | جماعت: پنجم | تیسری سہ ماہی |
|---|---|---|---|
| وقت: 40 منٹ | تاریخ: ______ | ہفتہ: 2 | اُستاد کا نام: ______ |

| سبق کا نام: ایفائے عہد | باب پنجم: حسن معاملات و معاشرت |
|---|---|

**حاصلاتِ تعلم:**

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- روز مرہ کی زندگی میں ایفائے عہد کی صفت اپنا سکیں۔
- ایفائے عہد کے معاشرتی فوائد اور عہد شکنی کے نقصانات جان سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ اسلامیات کی کتاب، ورک شیٹ

**سبق کا تعارف:** 5 منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں۔ طلبہ کو بتائیں کہ انسان کی روز مرہ زندگی میں ایفائے عہد یعنی وعدے کی پابندی بہت اہمیت کی حامل ہے۔ یہ ایک ایسی خوبی ہے جو انسان کو معاشرے میں بہت عزت اور وقار عطا کرتی ہے۔ ایفائے عہد کی صفت کو اپنانے سے انسان کے اندر نظم و ضبط، ایمان داری، اور دوسروں کا خیال رکھنا جیسی خوبیاں پیدا ہو جاتی ہیں۔

**طریقہ تدریس:** 15 منٹ

- سبق کے آغاز میں طلبہ کو بسم اللہ الرحمن الرحیم اور علم میں اضافے کی دُعا پڑھنے کی تلقین کریں۔
- کتاب کو صفحہ نمبر ٦٢ سے متن کی پڑھائی کروائیں اور مشکل الفاظ کے معانی بتائیں۔
- طلبہ کو بتائیں کہ وعدے کی پابندی کرنے والے شخص کی معاشرے میں بہت عزت ہوتی ہے۔ لوگ اس شخص پر اعتبار کرتے ہیں اور اس کی باتوں کو سچا سمجھتے ہیں۔ معاشرے میں اس کے قول و فعل کو احترام کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے۔ اگر آپ بیرون ملک ہوں تو وہاں وعدے کی پابندی کرنے سے آپ کے ساتھ ساتھ آپ کے ملک کی عزت اور شہرت میں بھی اضافہ ہوتا ہے۔
- طلبہ کو بتائیں کہ ایفائے عہد کے معاشرے پر بھی بہت اچھے اور دُور رَس اثرات مرتب ہوتے ہیں۔ جب لوگ وعدے کی پابندی کرتے ہیں تو اس سے ایک خوشگوار معاشرہ تشکیل پاتا ہے۔ لوگوں کے آپس کے

تعلقات بہتر ہوتے ہیں۔ معاشرے میں نظم وضبط پروان چڑھتا ہے۔ لوگوں کے درمیان اعتماد کی فضا قائم ہوتی ہے۔ اس لیے ہمیں چاہیے کہ ہم ایفائے عہد کی صفت کو اپنائیں اور اسے اپنا شعار بنائیں تاکہ ہم دنیا میں بھی معزز ٹھہریں اور آخرت میں بھی کامیاب ہوں۔

- طلبہ کو ایفائے عہد کے فوائد اور اس کے اثرات سے آگاہ کریں۔
- ایفائے عہد کی پاسداری کرنے والوں سے اللہ تعالیٰ خوش ہوتا ہے۔
- وعدہ پورا کرنے والے کو معاشرے میں عزت کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے۔

**مشکل الفاظ کو پڑھانے کا طریقہ:** **5منٹ**

| مشکل الفاظ | پڑھانے کا طریقہ | معانی |
|---|---|---|
| حیلہ | حی۔لَہ | بہانہ |
| پاسداری | پاس۔داری | نگہبانی |

**اعادہ:** **2منٹ**

پڑھایا گیا تصور مختصراً دہرائیں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

طلبہ سے مشق جزو (۲)(۳) کے سوالات کے جوابات زبانی سنیں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

ورک شیٹ حل کریں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** **5منٹ**

طلبہ کو ہدایت دیں کہ ایفائے عہد کے فوائد اور عہد شکنی کے نقصانات کی فہرست بنا کر کمرا جماعت میں آویزاں کریں۔

## ورک شیٹ (ہوم ورک)

سوال 1:  خالی جگہ پُر کریں۔

۱۔ وعدہ خلافی ____________ کی نشانی ہے۔

۲۔ عہد شکنی ذلت و ____________ کا سبب بنتی ہے۔

۳۔ ایفائے عہد کرنے والوں کو روز قیامت بڑا ____________ ملے گا۔

۴۔ مسلمان حضرت ابو جندل رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو اپنی پناہ میں لینے کے لیے ____________ ہو گئے۔

سوال 2:  قرآن و حدیث کی روشنی میں ایفائے عہد پر نوٹ لکھیں۔

جواب: ____________________________________________

____________________________________________

____________________________________________

____________________________________________

____________________________________________